السلام علیکم ورحمةاللہ وبرکاتہ

اگر پیشاب کے چھینٹے کپڑوں پر یا پاؤں پر پڑ جائیں تو کیا غسل لازمی کرنا ہوگا اور کپڑے بھی بدلنے ہوں گے۔ اور کیا یہ عذاب قبر کا بھی باعث ہے۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمةاللہ وبرکاتہ

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

پیشاب کے چھینٹے اگر سستی اور غفلت کی وجہ سے جسم یا کپڑوں پر پڑیں تو اس کے لیے عذاب قبر کی وعید ہے۔ شیخ صالح المنجد اس بارے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے فرماتے ہیں :

صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہما سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ یا مکہ کے باغوں میں سے ایک باغ کے پاس سے گزرے تو دو انسانوں کو ان کی قبر میں عذاب دیے جانے کی آواز سنی تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم فرمانے لگے :

" ان دونوں کو عذاب ہو رہا ہے، اور انہیں عذاب کسی بڑی چیز کی بنا پر نہیں ہو رہا، پھر فرمایا : کیوں نہیں، ان میں سے ایک شخص تو اپنے پیشاب سے بچتا نہیں تھا، اور دوسرا چغلی اور غیبت کرتا تھا، پھر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کھجور کی ایک سبز ٹہنی منگوائی اور اسے دو ٹکڑے کر کے ہر قبر پر ایک ٹکڑا رکھ دیا

کسی نے عرض کیا اے اللہ تعالی کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم آپ نے ایسا کیوں کیا ؟

تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : امید ہے کہ جب تک یہ خشک نہ ہوگی یا ان کے خشک ہونے تک ان پر تخفیف کی جائیگی "

صحیح بخاری حدیث نمبر (216) صحیح مسلم حدیث نمبر (292)

اور مسلم کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں :

" لایستنزہ عن البول او من البول

اور نسائی کی روایت میں ہے :

" لایستبرء من بولہ

علامہ البانی رحمہ اللہ نے صحیح نسائی میں اسے صحیح کہا ہے

امام نووی رحمہ اللہ کہتے ہیں :

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان : " لایستتر من بولہ " اس میں تین روایات ہیں : " یستتر " دو تاء کے ساتھ اور " یستنزہ " زاء اور ہاء کے ساتھ اور " یستبرء " باء اور ہمزہ کے ساتھ، یہ سب روایات صحیح ہیں اور ان کا معنی یہ ہے کہ وہ پیشاب کے چھینٹوں سے اجتناب اور احتراز نہیں کرتا تھا

دیکھیں : شرح مسلم للنووی (201/3) اختصار کے ساتھ

اور حافظ ابن حجر رحمہ اللہ کہتے ہیں :

قولہ : " لایستتر " اکثر روایات میں ایسا ہی ہے، اور ابن عساکر کی روایت میں " یستبرء " کے لفظ ہیں، اور مسلم اور ابو داود کی اعمش سے مروی روایت میں " یستنزہ " کے لفظ ہیں

اکثر روایات کی بنا پر " یستتر " کا معنی یہ ہوگا کہ : وہ اپنے اور پیشاب کے درمیان آڑ نہیں کرتا تھا یعنی وہ اس کے چھینٹوں حفاظت نہیں کرتا تھا، تو لایستنزہ والی روایت کے موافق ہو جائیگا کیونکہ تنزہ ابعاد کو کہا جاتا ہے

اور ابو نعیم کی المستخرج میں وکیع عن الاعمش کے طریق سے روایت میں ہے کہ : "لا یتوقع" اور یہ تفسیر ہے کہ اس سے کیا مراد ہے، اور بعض علماء نے اسے اپنے ظاہر پر ہی رکھتے ہوئے کہا ہے کہ اس کا معنی ہے کہ : وہ اپنی شرمگاہ نہیں چھپاتا تھا....

اور "الاستبراء" والی روایت تو بچاؤ کے اعتبار سے زیادہ بلیغ ہے

ابن دقیق العید کہتے ہیں کہ : اگر استتار کو حقیقت پر محمول کیا جائے تو یہ لازم آتا ہے کہ صرف شرمگاہ ننگی کرنا ہی مذکورہ عذاب کا سبب ہے، اور حدیث کا سیاق وسباق اس کی دلیل ہے کہ عذاب قبر کا باعث تو خاص پیشاب تھا، اس کی طرف اشارہ کرتا ہے جسے ابن خزیمہ نے ابوہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ کی مرفوع حدیث کو صحیح کہا ہے کہ :

"قبر کا اکثر عذاب پیشاب سے ہے"

یعنی پیشاب سے نہ بچنا عذاب قبر کا باعث ہے، وہ کہتے ہیں : اس کی تائید حدیث میں "من" کے الفاظ سے ہوتی ہے، جب اس کی اضافت بول کی طرف ہوئی تو استتار کی نسبت جو معدوم تھی بول کی طرف ہے وہ عذاب کا سبب ہے

دوسرے معنوں میں اسطرح کہ : عذاب کا ابتدائی سبب پیشاب ہے، اور اگر اسے صرف شرمگاہ ننگی کرنے پر ہی محمول کر لیا جائے تو یہ معنی زائل ہو جائیگا، تو اسے مجاز پر محمول کرنا متعین ہو گیا تاکہ سب احادیث کے الفاظ ایک معنی پر جمع ہو جائیں، کیونکہ اس کا مخرج ایک ہی ہے، اور اس کی تائید مسند احمد کی ابو بکرہ رضی اللہ تعالی عنہ والی حدیث سے ہوتی ہے جو کہ ابن ماجہ میں بھی ہے :

"ان میں سے ایک کو پیشاب کی وجہ سے عذاب ہو رہا ہے"

اور طبرانی میں بھی انس رضی اللہ تعالی عنہ سے اس جیسی ہی حدیث ملتی ہے

دیکھیں : فتح الباری (318/1).

صنعانی رحمہ اللہ کہتے ہیں :

پھر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے خبر دی کہ ان میں سے ایک کے عذاب کا سبب یہ تھا کہ : "اس لیے کہ وہ پیشاب سے اجتناب اور بچاؤ اختیار نہیں کرتا تھا" یا اس لیے کہ وہ اپنے پیشاب سے پردہ نہیں کرتا تھا یعنی وہ اپنے اور اپنے پیشاب کے مابین آڑ نہیں کرتا تھا تاکہ چھینٹے پڑنے سے بچ سکے، یا اس لیے کہ وہ بچتا نہیں تھا، یہ سب الفاظ روایات میں وارد ہیں، اور سب کے سب پیشاب سے بچنے اور اس کے چھینٹوں پڑنے کی حرمت پر دلالت کرتے ہیں

دیکھیں : سبل السلام (119/1-120).

خلاصہ یہ ہوا کہ :

صحیح روایات کے الفاظ یہ ہیں :

لایستتر" اور "لایستبرء" اور "لاینتزہ" یہ سب الفاظ ایک ہی معنی پر دلالت کرتے ہیں، جیسا کہ آئمہ کرام کی کلام بیان ہو چکی ہے، اور اس میں اختلاف اصل کلمہ اور اس کے لغوی اشتقاق میں ہے لہذا کلمہ "لایستتر" استتار سے ہے، اور اس کا معنی یہ ہے کہ وہ اپنے اور اپنے پیشاب کے مابین آڑ نہیں کرتا تھا

اور "لایستبرء" استبراء سے ہے جو کہ صفائی اور حفاظت کے معنی ہے

اور "لاینتزہ" کا لفظ تنزہ سے ہے اور اس کا معنی ابعاد اور دوری ہے

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

محدث فتوی

فتوی کمیٹی